## BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

ECTIVE KEY FOR SSC /9th Supply Examination, 2016.

f Subject 9211 Session

| Q. Nos. | Paper Code 5021 | Paper Code 5023 | Paper Code 5025 | Paper Code 5027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | C | D | D |
| 2. | D | C | B | B |
| 3. | A | B | A | C |
| 4. | D | C | B | D |
| 5. | B | A | C | B |
| 6. | C | C | C | A |
| 7. | D | D | B | B |
| 8. | B | A | C | C |
| 9. | A | D | A | C |
| 10. | B | B | C | B |
| 11. | C | C | D | C |
| 12. | C | D | A | A |
| 13. | B | B | D | C |
| 14. | C | A | B | D |
| 15. | A | B | C | A |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

20

### سرٹیفیکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ/ مارکنگ Key

ہم نے مضمون اردو پرچہ I گروپ — میٹرک ضمنی 2016 کا سوالیہ پرچہ انشائیہ/معروضی (Subjective & Objevtive) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ سلیبس کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں اور سلیبس (Syllabus) کے مطابق بھی ہیں۔نیز اس پرچہ کی Key کی بابت بھی تصدیق کی جاتی ہے کہ یہ بھی درست بنائی گئی ہے۔اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔
مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیارہ کردہ ہدایات وصول کر کے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔

PREPARED & CHECKED BY

| Sr.No | Name | Designation | Institution | Mobile No. | Signature. |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Abbas Nadeem | SS | Govt Comp H/S/S Mltn. | 03008347606 | |
| 2 | Bashir Ahmad | SHM | G.H/S S-MR | 03027330876 | |
| 3. | KHURSHIDAHMAD | SSS | GHSS Ailam Pur mcln | 03007343459 | |

3/10/16

PAPER CODE NUMBER:5025

2016 (S)

رول نمبر ____________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

# اردو ( لازمی )

وقت = 20 منٹ

## حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے تھا۔
(A) مدبرانہ (B) عاجزانہ (C) خاکسارانہ (D) امیرانہ

(2) ____ کا دل اُجڑے دیار میں نہیں لگتا۔
(A) مرزا غالبؔ (B) بہادر شاہ ظفر (C) خواجہ حیدر علی آتشؔ (D) میر تقی میرؔ

(3) مصرع صبا بے شک آتی ____ تو ہے۔
(A) مدینے سے (B) مکے سے (C) جدے سے (D) طائف سے

(4) '' حمد '' میں صفات بیان کی جاتی ہیں۔
(A) اولیاء کی (B) اللہ تعالیٰ کی (C) نبی کریمؐ کی (D) صحابہ کرامؓ کی

(5) '' جیٹھ '' کی مونث ہے۔
(A) جیٹھائن (B) جیٹھنی (C) جیٹھانی (D) جیٹھی

(6) '' فجار '' کی واحد ہے۔
(A) فجر (B) فجری (C) فاجر (D) فجاجر

(7) '' عام '' کا متضاد ہے۔
(A) خواص (B) خاص (C) خاصیت (D) خواصی

(8) ان میں '' مترادف '' کی درست فہرست ہے۔
(A) آرام/خوشی (B) کشادہ/صاف (C) آبرو/عزت (D) تاریکی/توکلی

(9) '' کبیر '' کی جمع ہے۔
(A) کبار (B) کبیروں (C) کبائران (D) کبائر

(10) ابراہیم ذوقؔ نے میرؔ پر ترجیح دی۔
(A) غالبؔ کو (B) مومنؔ کو (C) سوداؔ کو (D) شیفتہؔ کو

(11) ____ کے گھوڑے کے پاؤں گھٹنوں تک زمین میں دھنس گئے۔
(A) ابن ہشام (B) ہمہ تن جشم (C) یہودی (D) سراقہ بن جعشم

(12) انسان، انسانی صفت کھو کر بن جاتا ہے۔
(A) حیوان (B) بے کار (C) وحشی (D) بے فکر

(13) جرأتؔ نے ____ کے اصرار پر مصرع پڑھا۔
(A) میر تقی میرؔ (B) سیّد رضی ترمذی (C) مرزا غالبؔ (D) سیّد انشاءاللہ

(14) شطرنج میں طبیعت پر زور دینا پڑتا ہے اور گنجفہ میں ____ ۔
(A) جسم پر (B) حافظے پر (C) دماغ پر (D) دل پر

(15) الگو نے کہا '' میں پنچایت میں ____ نہ کھولوں گا ''۔
(A) ہاتھ (B) پاؤں (C) منہ (D) آنکھیں

رول نمبر ________

2016 (S)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

# اردو ( لازمی )

وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

## حصہ اِنشائیہ

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا
(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے
(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں
(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

( حصہ غزل )

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے
(ii) جان تُم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے
(iii) عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) مرزا کی نیت آموں سے کسی طرح سیر نہ ہوتی تھی۔ اہلِ شہر تحفتاً بھیجتے تھے۔ خود بازار سے منگواتے تھے۔ باہر سے دُور دُور کا آم بطور سوغات کے آتا تھا، مگر حضرت کا جی نہیں بھرتا تھا۔ نواب مصطفیٰ خاں مرحوم ناقل تھے کہ ایک صحبت میں مولانا فضلِ حق اور دیگر احباب موجود تھے۔

(ب) مجھے بھی تعجب تھا کیونکہ میں نے پرچے کچھ ایسے بُرے نہیں کیے تھے، میں نے یہ جوابات والد صاحب کو بھی سنائے، انھوں نے بہت تعریف کی، ممتحنوں کو بہت بُرا بھلا کہا۔ میری اشک شوئی کی اور فرمایا بیٹا کوئی گھبرانے کی بات نہیں، اس سال نہیں، آئندہ سال سہی۔ آخر کہاں تک بے ایمانی ہوگی: سو دن چور کے تو ایک دن شاہ کا۔ خیر جو کچھ ہوا سو ہوا، ایک سال کی فرصت تو مل گئی۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) غالبؔ کو کن سے وفا کی امید تھی؟
(ii) مصنف سر سید احمد خاں کا درسی کتاب کے سبق کاہلی میں، دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟
(iii) سید انشا کے اصرار پر جرأت نے کون سا مصرع پڑھا؟
(iv) درسی کتاب کی نظم '' حمد '' میں اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟
(v) سبق '' مرزا غالبؔ کے عادات وخصائل '' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
(vi) دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟
(vii) الگو چودھری اور سمجھو سیٹھ جمن نے کون سا تنازع پنچایت کے سامنے پیش کیا؟
(viii) تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) ہجرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم (ii) قدر ایاز 5

6۔ درسی کتاب میں دی گئی نظم '' پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ '' کا مرکزی خیال اور شاعر کا نام لکھیے۔ 4 + 1 = 5

7۔ بڑے بھائی کو خط لکھیں جس میں اس کی خیریت دریافت کریں۔

یا

ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیں کہ وہ آپ کے محلے سے غلاظت اٹھوا کر صفائی کا انتظام فرمائیں۔ 10

8۔ '' اتفاق کی برکت '' کے عنوان سے کہانی لکھیے۔ یا مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) جی نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
(ii) ہم بھی ہیں پانچ گواہوں میں۔
(iii) گھوڑے خرید کر سونا۔
(iv) آ گائے مجھے مار۔
(v) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آخ تھو ________
(ii) بلی کے بھاگوں ________
(iii) جتنی چادر دیکھیے ________
(iv) نو سو چوہے کھا کے ________
(v) پاک رہو ________